دیوندر گوئل کا پیش کردہ

اداکاران

راجیندر کمار - مینا کماری

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

پیار کا ساگر کے گانے

گانا نمبر ۱

پیار کا ساگر دیکھا ہے کسی کے چنچل نینوں میں
کچھ دن سے میرے دِل کی دھڑکن کیوں تیز ہوئی جاتی ہے
کیا بات ہوئی کہ راتوں کو اب نیند نہیں آتی ہے
دِل پل بھر چین نہ پائے ۔ پیار کا ساگر ۔
وہ بھولا پن وہ برساتیں جب یاد ہمیں آتی ہیں
وہ بھیگی ہوئی بتی اِبنِ ایک آگ لگا جاتی ہیں
اب چین کہاں سے آئے ۔ پیار کا ساگر ۔۔۔
پھر اُن سے ملوں کب اُن سے مِلوں
دن رات یہی دِل سوچے
کیا اُن سے کہوں اور کیسے کہوں بس بات یہی دِل سوچے
اور سوچ سوچ رہ جائے ۔ پیار کا ساگر ۔۔۔

گانا نمبر ۲ :۔ مجھے پیار کی زندگی دینے والے
کبھی غم نہ دینا خوشی دینے والے
محبت کے وعدے بھلا تو نہ دوگے
کہیں مجھ سے دامن چھڑا تو نہ لوگے
میرے دل کی دُنیا ہے تیرے حوالے ۔ مجھے پیار کی ...
زمانے میں تم سے نہیں کوئی پیارا

یہ جان بھی تمہاری یہ دل بھی تمہارا
نہ آئے یقین تو ابھی آزما لے — مجھے پیار کی ۔۔۔
زندگی دینے والے کبھی غم نہ دینا خوشی دینے والے —
بھروسہ ہے ہم کو محبت پہ تیری
تو پھر سن کے دیکھو لگا ہوں میں میری
یہ ڈر ہے زمانہ جدا کر نہ ڈالے — مجھے پیار کی ۔۔۔

گانا نمبر ۳:۔ رات رات بھر جاگ جاگ کر انتظار کرتے ہیں
ہم تم سے پیار کرتے ہیں
جب جب بادل چاند سے کھیلے آنکھ مچولی
جب جب بھنورا پھول سے بولے پیار کی بولی
اس گھڑی صنم تم کو یاد ہم بار بار کرتے ہیں ۔ ہم تم سے —
تم کو کر کے دور ہم آج ہیں خود پچھتاتے
ہیں پیچھے ہیں راہ میں کاش کہ تم آجاتے
جب سے تم گئے ہم کو غم نئے نئے قرار کرتے ہیں
ہم تم سے پیار کرتے ہیں

گانا نمبر ۴:۔ تانا دیرے نا تانی تم تانا دیرے دانی
تانا دیرے نا تانی تم
کچھ تو بتاؤ گوری ہم سے یہ کیسی چوری
باجے کیوں پائل تیری چھم چھم چھم
دیکھ سکھی مجھے یوں نہ ستا چھوڑ دے میری راہیں
آج ہوئی ہے کچھ بات نئی کہتی ہیں تیری نگاہیں

تجھے کیسے بتاؤں ڈر لاگے اب تو ہی سمجھ لے آگے
اجی چھوڑو یہ اشارے کیا ہے دل میں تمہارے
ذرا کھل کے بتاؤ تم تم تم
آیا ہے سندیس کوئی سجنا کا پھرتی ہو جو اترائی
اور بھی ہے کچھ بات کی کیوں نہ سمجھ تو پائی
گوری پھر تو بجے گی شہنائی ہونے والی ہے اب تو پرائی
مجھے اور جو ستاؤ گی تو دیکھو پچھتاؤ گی
میں بیٹھوں گی پکڑ کے تمہیں دھم دھم

گانا نمبر ۹:- حال دل کا سنائیں تو کیسے
راز اپنا چھپائیں تو کیسے
آگ ایسی لگی کہ بجھ نہ سکی
اب یہ دامن بچائیں تو کیسے
آئے آنسو تو پی لئے ہم نے
ہونٹ کاٹے تو سی لئے ہم نے
کھل کے آہیں تو بھر نہیں سکتے
زخم دل کا دکھائیں تو کیسے
یہ خطا ہے کہ بے خطا ہیں ہم
پھر بھی تہمت ہے بیوفا ہیں ہم
ہم سے قسمت نے بیوفائی کی۔ یہ حقیقت بتائیں تو کیسے
دل کی بستی اجڑ تو جاتی ہے
بات بن کر بگڑ تو جاتی ہے

جب مقدر نے ساتھ چھوڑ دیا۔ پھر یہ بگڑی بنائیں تو کیسے

گانا بمبر ۶

محبت میں کبھی ایسی بھی حالت پائی جاتی ہے
کہ ہوتی کیا ہے صورت اور کیا دکھلائی جاتی ہے
چاہے کوئی بندوق دکھائے چاہے کوئی تلوار
کریں گے ہم تو کسی سے پیار
ایک دن مجنوں لیلےٰ کے گھر آیا
اپنا بھیس بدل کر
ہونے نہ پائی پیار کی باتیں
قسمت نے ڈالا ایک چکر
آگیا اُس کا باپ بھبندر
موٹا تازہ مست قلندر
پر مجنوں بھی تھا دل والا، بولا یہ للکار
کریں گے ہم تو کسی سے پیار
جاننے والے جان گئے ہیں۔ راز ہے کیا پہچان رہے ہیں
دُنیا نہ مانے پیار کو لیکن
ماننے والے مان رہے ہیں
ہوتے رہے آنکھوں میں اشارے، غیر بھلا کیا سمجھیں بیچارے
آج نہیں تو کل ہوں گے ہم اُن کے رشتے دار
چاہے کوئی بندوق دکھائے چاہے کوئی تلوار
کریں گے ہم بھی کسی سے پیار

گانا نمبر ۷ - وفا جن نے کی بے وفا ہو گئے

وہ وعدے محبت کے کیا ہو گئے
جو کہتے تھے ہم کو سدا ہیں تمہارے
زمانے میں سب سے جنہیں ہم تھے پیارے
وہی آج ہم سے جدا ہو گئے - وہ وعدے -
وہ ارمان بنا دیں کبھی پاس آکے
بتائے انہیں کیا ہمیں یوں مٹا کے
خطا کیا تھی وہ جو خفا ہو گئے - وہ وعدے -
میرے سامنے بھی اگر اب وہ آئیں
تو دیکھیں گی ان کو یہ بے بس نگاہیں
وہ جن کے لئے ہم فنا ہو گئے - وہ وعدے -
سدا خوش رہے تو جفا کرنے والے
دعا کر رہے ہیں دعا کرنے والے
سنانے غم دل جو تم پاس ہوتے
میری بیکسی پر بھی کیا تم نہ روتے
مگر کیا دکھائیں تمہیں دل کے چھالے - سدا خوش -
ستم اور بھی ہوں تو وہ بھی کئے جا
ہو کچھ اور بھی غم تو وہ بھی دئیے جا
نہیں پھر بھی تم سے گلہ کرنے والے
سدا خوش رہے -

ختم شد

(الہ آباد پریس دہلی)

پراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/6/-	خومینچو کا سایہ	4/-/-
" " حصہ دوئم	1/6/-	خومینچو کی بیٹی	4/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر خومینچو	3/-/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر خومینچو کا انتقام	3/-/-
خونی نشان	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی چھتری	1/-/-
بہادر تارزن	1/8/-	تین ڈاکو	1/-/-
چینی فرشتہ	1/6/-	دو لاشیں	-/12/-
جادوگر جاسوس	1/6/-	خونی کھنڈر	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/4/-	سراغرساں	-/12/-
موت کا مینار	1/6/-	گردش دوراں	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	چلتا پرزہ	1/8/-

سنہرے شہر میں تارزن 1/8/-

ملنے کا پتہ

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور میکینک
دستکار اور
مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	دستکار ماہرین	6/-/-
ورکشاپ گائیڈ	4/-/-	الیکٹرک وائرنگ	4/-/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	خراد نقشا	3/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	آئیل انجن گائیڈ	5/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	ٹریکٹر گائیڈ	4/-/-
مکمل فوٹوگرافی	2/8/-	جنتری پیمائش چوب	1/4/-
روشنائی سازی	2/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
شیشہ سازی	2/-/-	کاشتکاری یا باغبانی	4/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	مکمل مرغی خانہ ہر دو حصہ	4/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	تمباکو کی دوکان	2/-/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
صابون سازی	1/8/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
خوشبو	1/8/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
اچار مربے چٹنی	2/8/-	بغیر بجلی کا سینما بنانا	1/8/-
باورچی خانہ	2/8/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
مجموعہ فال نامہ	1/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/4/-

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی